Ready to Print

www.mirfatehalishah.com

Written By **Mir Fateh Ali Shah**
Translation By **None**
Language **urdu**
Catagory **Holy bible**

کلمہ طیبہ بائبل کی روشنی میں

کلمہ طیبہ دو حصوں پر مشتمل ہے پہلا حصہ وحدانیت پر جبکہ دوسرا حصہ رسالت پر مشتمل ہے، کوئی بھی شخص مسلمان نہیں ہو سکتا اگر وہ ان دو حصوں کو تسلیم نہیں کرتا، یہ ایک گیٹ پاس کی طرح ہے جس نے اس کا اقرار کیا وہ دائرہ اسلام میں داخل ہو گیا چاہے کہ اسے معلوم ہو یا نہیں، جیسے آجکل مسیحیت (عیسائیت) میں داخلے کے لئے بپتسمہ لیا جاتا ہے ٹھیک اسی طرح اسلام میں داخل ہونے کے لئے اس کلمہ کا اقرار کیا جاتا ہے۔

لَا اِلٰـہَ اِلَّا اللّٰـہُ مُحَمَّدٌ رَّسُولُ اللّٰہِ

There is no God besides Allah and Mohammad (PBUH) is the prophet of Allah

کوئی معبود نہیں سوائے اللہ کے (اور) محمد ﷺ اللہ کے رسول ہیں

لَا اِلٰـہَ اِلَّا اللّٰـہُ

توحید سے تثلیث تک

عیسائیت بھی یہودیت اور ہندومت کی طرح قدیم مذہب ہے جس کو بھی اچھے اور برے اوقات کا سامنا رہاہے جسکی وجہ سے جہاں انکی مقدس کتب کو تبدیلی کا سامنا کرنا پڑا وہاں انکی بنیادی تعلیمات بھی متاثر ہوئیں، عہدنامہ جدید میں جس بات کو بہت اہمیت دی گئی وہاں اسکی جگہ ایک اور عقیدہ نے لے لی ایک موقعہ پر جب یسوع مسیح (حضرت عیسیٰ علیہ سلام) سے پوچھا گیا کہ سب سے بڑا حکم کیا ہے تو آپنے فرمایا

خداوند ہمارا خدا ایک ہی خداوند ہے۔ مرقس ۱۲:۲۹

لیکن اسکے برعکس آج مسیحیت کی بنیاد تثلیث پر ہے جسے انگلش مین (ہولی ٹرنٹی) کہا جاتا ہے۔

PDFmyURL easily turns web pages and even entire websites into PDF!

تثلیث کا جائزہ

تثلیث سے مراد باپ، بیٹا، اور روح القدس ہیں جبکہ انکو تین نہیں بلکہ ایک خدا مانا جاتا ہے۔ اب ذرا اس عقیدے پر غور کریں



1. باپ ایک کامل خدا ہے۔ مگر وہ بیٹا بھی نہیں ہے۔ اور روح القدس بھی نہیں ہے۔
2. بیٹا ایک کامل خدا ہے۔ مگر وہ باپ بھی نہیں ہے۔ اور روح القدس بھی نہیں ہے۔
3. روح القدس ایک کامل خدا ہے۔ مگر وہ باپ بھی نہیں ہے۔ اور بیٹا بھی نہیں ہے۔

مندرجہ بالا تشریح کی بنا پر یہ تین کامل اور جدا جدا تین خدا ہیں۔ باپ، بیٹا، اور روح القدس

باپ ایک + بیٹا ایک + روح القدس ایک

1+1+1 = 3

باپ خدا + بیٹا خدا + روح القدس خدا = 3 خدا

تثلیث کی معنی

تثلیث جسے انگلش میں ہولی ٹرنٹی کہا جاتا ہے ٹرنٹی دو لفظوں سے ملکر بنا ہے

"tri" (meaning تین), and "unity" (meaning اتحاد): "tri" + "unity" = "trinity"

مطلب تین خداؤں باپ + بیٹا + روح القدس کا اتحاد

ایک اور مثال: اس واقعہ میں تینوں خداؤں کو یک وقت دکھایا گیا ہے، یہ بائبل مقدس کی کتاب۔ انجیل متی کے باب ۳ میں درج ہے جب یسوع مسیح نے یوحنا اصطباغی سے بپتسمہ لیا اس وقت روح القدس پرندے کی شکل میں آسمان سے اترا، اور آسمان سے (باپ) کی آواز آئی یہ میرا پیارا بیٹا ہے۔ اگر آپ اس واقعہ پر ذرا بھر بھی غور

PDFmyURL easily turns web pages and even entire websites into PDF!

کریں تو آپ کو تین الگ الگ خدا ایک ہی وقت میں تین الگ الگ جگہوں پر نظر آئیں گے

وقت	تین خدا	جگہ
اسی وقت جب یوحنا اصطباغی بپتسمہ دے چکا	باپ	آسمان میں تھا
	روح القدس	فضا میں تھا
	بیٹا	زمین پر تھا

بت پرستی

''میرے علاوہ کوئی خدا نہیں، تمہیں چاہیے کہ میری کوئی تصویر کشی نہ کرو۔ مجھ سے کسی کی مشابہت نہیں ہے، نہ آسمان پر، نہ زمین پر اور نہ ہی پانی کے نیچے۔ لہٰذا تم کسی اور کے سامنے نہ جھکو، ان کی طرف نہ دیکھو، میں ہی تمہارا خدا ہوں۔''

[کتاب مقدس۔خروج ۵۔۳:۲۰]

کتاب ثنائیہ میں بھی اسی طرح کا پیغام ملا ہے:

''میرے علاوہ کوئی اور خدا نہیں، لہٰذا تم میری تجسیم نہ کرو۔ آسمانوں میں، زمین کے اوپر اور پانی کی گہرائیوں میں کوئی بھی میرا ہمسر نہیں ہے۔ پس تمہیں چاہیے کہ تم ان کو سجدہ نہ کرو اور نہ ہی ان کی خدمت کرو۔ میں ہی خدا اور مالک ہوں۔''

[کتاب مقدس۔ثنائیہ ۹۔۷:۵]

لیکن آج کونسا چرچ ہے جس میں یسوع مسیح کا مجسمہ موجود نہ ہو، کیا یہ خدا کے حکم کی خلاف ورزی نہیں ہے؟

یسوع نے توحید کی دعوت دی تھی تثلیث کی نہیں

توحید کا مطلب ایک خدا میں ماننا جبکہ تثلیث کا مطلب تین خداؤں میں ماننا ہے حالانکہ یسوع مسیح نے اپنی تمام زندگی میں کبھی بھی یہاں تک کہ ایک بار بھی لفظ ٹرنٹی اپنی زبان پر نہیں لائے بلکہ اسکے برعکس توحید کی وضاحت کرتے ہوئے فرمایا

- ✓ اور یہ زندگی لافانی ہے، شاید وہ ایک سچے خدا کو جان جائیں گے، مجھے بھی جسے اسنے بھیجا ہے (انجیل یوحنا ۳:۱۷)
- ✓ ایک شخص آتا ہے اور اس سے کہتا ہے اچھے مالک میں کون سے اچھے کام کروں کہ ابدی زندگی پانے میں

PDFmyURL easily turns web pages and even entire websites into PDF!

کامیاب ہو سکوں ؟۔ پھر وہ (یسوع مسیح) اس سے کہتا ہے۔ تم نے مجھے اچھا کیوں کہا؟ کوئی خدا نہیں سوائے
ایک خدا کے۔

✓ بائبل مقدس کے کچھ اور مقامات پر بھی یہ ہی بات کی گئی ہے

”سنو! اے بنی اسرائیل! ہمارا مالک خدا ہے، وہ ایک مالک ہے۔“
[کتاب مقدس۔ ثنائیہ ۶:۴]

”میں، اور میں ہی مالک ہوں، میرے سوا بچانے والا کوئی نہیں ہے۔“
[کتاب مقدس۔ عیسائیہ ۴۳:۱۱]

”میں ہی خدا ہوں اور کوئی نہیں، میرے سوا کوئی خدا نہیں۔“
[کتاب مقدس۔ عیسائیہ ۴۶:۹]

لفظ اللہ بائبل میں

بائبل کے کتاب پیدائش میں خدا کا نام ایلوہم بتایا گیا ہے جس کی آواز عربی میں اللہ بنے گی

عربی	عبرانی Hebrew
اللہ	Elohim = אלהים عبرانی میں اسم خاص کے آخر میں im کا اضافہ کیا جاتا ہے، اگر Elohim سے im ہٹالیا جائے تو یہ Eloh بنے گا
ALLAH	(A = א) (L= ל) (H =ה) אלה = ALH

مندرجہ بالا آیات اور یسوع مسیح کے بیانات سے یہ صاف صاف نظر آرہا ہے کہ خدا ایک ہی ہے اور اسکے سوا کوئی اور خدا نہیں وہ ہی مالک ہے وہ ہی بچانے والا ہے وہی تمام کائنات کا بنانے والے ہے، جسکا نام کتاب پیدائش (بائبل کی پہلی کتاب) میں ایلوہم بتایا گیا ہے جسے عربی میں اللہ کہتے ہیں۔ اس اقرار کو اگر ایک سطر میں بیان کیا جائے تو کچھ یوں ہو گا

ترجمہ: کوئی خدا نہیں سوائے اللہ کے   لَا اِلٰـــہَ اِلَّا اللّٰـــہُ

PDFmyURL easily turns web pages and even entire websites into PDF!

کلمہ طیبہ کے پہلے حصہ پر بات کرنے کے بعد آئے اب ہم دوسرے حصہ پر بات کریں

مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰہِ

حضرت محمد ﷺ کا ذکر بائبل میں کہاں کہاں موجود ہے اس ضمن میں آپ میری درج ذیل تحریرات کا مطالعہ کر سکتے ہیں،

- خداوند کی راہ کو تیار کرو
- یہودی کس نبی کا انتظار کر رہے تھے ؟
- حضرت محمد ﷺ کا نام بائبل میں موجود ہے

لیکن ہم یہاں پر یہ جاننے کی کوشش کریں گے کہ آیا حضرت محمد ﷺ بائبل میں دیئے گئے سچے نبی کے امتحان پر پورے اترتے ہیں یا نہیں ؟

لیکن جو نبی گستاخ بن کر کوئی ایسی بات میرے نام سے کہے جسکے کہنے کا میں نے اسکو حکم نہیں دیا یا اور معبودوں کے نام سے کچھ کہے تو وہ نبی قتل کیا جائے گا۔ اور اگر تو اپنے دل میں کہے کہ جو بات خداوند نے نہیں کہی ہے اسے ہم کیسے پہچانیں ؟ تو پہچان یہ ہے کہ جب وہ نبی خداوند کے نام سے کچھ کہے اور اسکے کہے کے مطابق کچھ واقع یا پورا نہ ہو تو وہ بات خداوند کی کہی ہوئی نہیں بلکہ اس نبی نے وہ خود گستاخ بن کر کہی ہے تو اس سے خوف نہ کرنا۔

کتاب تثنیہ شرع باب ۱۸ آیت ۲۰ سے ۲۲ تک

تین نشانیاں

1. اللہ (ایلوہم) کو چھوڑ کر اور معبودوں کا (یا جھوٹے خداؤں یا شیطانوں) کا پیغام تم تک پہنچائے تو وہ جھوٹا نبی ہے اسے خدا نے نہیں بھیجا۔
2. اگر وہ کوئی پیشگوئی دے اور وہ پوری نہ ہو تو وہ سچا نبی نہیں بلکہ جھوٹا ہے
3. دو نشانیوں میں فیل ہونے کے بعد وہ جھوٹا نبی قتل کیا جائے گا اور اسکا فتنہ باقی نہ رہے گا کہ اس سے کسی کو خوف یا خطرہ ہو۔

حضرت محمد ﷺ نے تمام زندگی ایک ہی اللہ (عبرانی میں ایلوہم) کی عبادت کی اور اسی خدا کا پیغام (قرآن) لوگوں تک پہنچایا، حضرت محمد ﷺ کی ایک بھی پیشگوئی غلط ثابت نہیں ہوئی۔ ثبوت کے لئے قرآن پاک آج بھی

PDFmyURL easily turns web pages and even entire websites into PDF!

اپنی اصل حالت میں موجود ہے، جو کوئی بھی چاہے پڑھ سکتا ہے۔ اور حضرت محمد ﷺ قتل بھی نہیں ہوئے اور ناہی آپ کا پیغام دب کر رہا بلکہ آج دنیا میں سب سے تیزی سے پھیلنے والا مذہب بن گیا ہے۔

اختتام

- اگر آپ بائبل پر ایمان رکھتے ہیں تو اسکا مطلب یہ ہوا کہ آپ ایک ہی خدا جسکا نام ایلوہم (عربی میں اللہ) ہے میں ایمان رکھتے ہیں، اسکے سوا کسی کو معبود نہیں مانتے۔ تو آپنے کلمہ طیبہ کے پہلے حصہ کا اقرار کیا
- اور اگر آپ یہ بھی جان گئے ہیں کہ حضرت محمد ﷺ اللہ کے نبی ہیں۔ اور آپ اس بات کا اقرار کرتے ہیں تو آپنے کلمہ طیبہ کے دوسرے حصہ کا بھی اقرار کیا۔

آپکا اقرار یہ ہوا

تو آپ اسلام کے دائرے میں داخل ہو چکے ہیں، آپ مسلم ہیں چاہے آپکو معلوم ہو کہ نہ ہو۔

Article Link http://www.mirfatehalishah.com/articles/post.php?id=2114
Join us on facebook https://www.facebook.com/mirfatehalishah

www.mirfatehalishah.com

PDFmyURL easily turns web pages and even entire websites into PDF!